**Ref:-APCA/SS/CVC/EC/ 7/17/27 of/ 2026 Dated the 25th August 2026**

بخدمت: مرکزی چیئرمین
مرکزی صدر اور مرکزی سیکریٹری جنرل بشمول تمام مرکزی عہدیداران
تمام صوبائی صدوراور تمام صوبائی جنرل سیکریٹریز
تمام ڈویژنل، ضلعی، تحصیل/تعلقہ اور ادارہ جاتی نمائندگان

عنوان: ایپکا پاکستان (شہید ساقی) دستور 2026

اسلام علیکم ورحمته الله

محترم ساتھیو , یہ تعارفی و آگاہی اعلامیہ کہ دستور 2026 — تنظیمی شناخت کا باضابطہ آغاز کے لیے اہم آگاہی ہے
تمام معزز مرکزی، صوبائی، ڈویژنل اور دیگر تنظیمی نمائندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایپکا پاکستان (شہید ساقی) کے دستور 2026 کی تیاری اور تنظیمی مشاورت کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے 15 آگسٹ 2026تک تمام ساتھیوں نے دستور کی تبدیلی اور تنظیمی نئے نام اتفاق گیا ہے اور نئے دستور 2026 کی اصولوں پر کراچی ڈ ویزن کی ڈ ویزنل ایگزیکیوٹو باڈ ی کا نوٹیفکیشن کیا گیا ہے اور 22 اگسٹ 2026 کو تمام قائدین اور ورکرز کی اکثریت رائے سے مسٹر عابد حسین چانڈ یو کو ایپکا پاکستان (شہید ساقی) سندھ کا سرپرست اعلیٰ بنانے کی منظوری دی گئی ہے
ساتھیوں کی اکثریتی رائے، باہمی مشاورت اور اتفاقِ رائے کی روشنی میں تنظیم کا نام آئندہ دستور 2026 کے تحت درج ذیل طریقے سے لکھا اور پڑھا جائے گا:
اردو نام: ایپکا پاکستان (شہید ساقی)
آل پاکستان کلرکس، پینشنرز و سول ایمپلائیز ایسوسی ایشن
سندھی میں نام: آپکا پاڪستان (شهيد ساقي)
English Name:
APCA Pakistan (Shaheed Saqi)
All Pakistan Clerks, Pensioners & Civil Employees Association
تنظیمی شناخت
APCA Pakistan (Shaheed Saqi)تنظیم کی مرکزی اور مستقل شناخت ہوگی۔
"شہید ساقی / Shaheed Saqi / شهيد ساقي" تنظیم کی مستقل اور لازمی شناخت کا حصہ ہوگا اور اسے اردو، انگریزی اور سندھی میں ہر سطح پر تنظیم کے مونوگرام، لیٹر پیڈ، ویب سائٹ، سوشل میڈیا، جھنڈے، بینرز، نوٹیفکیشنز، مراسلات اور دیگر تمام تنظیمی مواد میں استعمال کیا جائے گا۔
یہ نام تنظیم کی تاریخی شناخت APCA کو برقرار رکھتے ہوئے حاضر سروس ملازمین، کلرکس، پینشنرز اور سول ایمپلائیز کی وسیع نمائندگی کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ شہید ساقی تنظیم کی جدوجہد، قربانی اور تاریخی تسلسل کی مستقل علامت رہے گا۔
تنظیمی عزم
ہماری منزل عہدہ نہیں، مضبوط تنظیم؛ ہماری جدوجہد تصادم نہیں، اصلاح؛
ہمارا مقصد ذاتی مفاد نہیں، بلکہ ملازمین، پینشنرز اور سرکاری اداروں کے جائز حقوق کا تحفظ ہے۔
مضبوط ادارے — بااختیار ملازمین — باعزت پینشنرز — بہتر گورننس — مضبوط پاکستان
APCA Pakistan (Shaheed Saqi)
Unity • Faith • Discipline
ایپکا پاکستان (شہید ساقی) | آپکا پاڪستان (شهيد ساقي)

والسلام

ایم۔ اے۔ بھرگڑی
مرکزی وائس چیئرمین
و چیئرمین الیکشن کمیٹی
www.apcapk.com

کاپی ایپکا پاکستان (شہید ساقی) ویب سائٹ https://www.apcapk.com ویب پر پوسٹ کرنے کیلئے


Address: C/O House No. 1 Yasrab Colony Hussainabad Opp: Hussaini Dastarkhan Hyderabad Sindh
Cell# 03003049882 WhatsApp# 03318389360